Driving

# EXCELLENCE

Together

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ

سہ ماہی رپورٹ

مارچ 2025ء



جیسا کہ وافی انرجی پاکستان مشترکہ مہارت اور امنگ کے سفر پر گامزن ہے، ہم
ایک بہترین مستقبل کی تشکیل کے لیے پر عزم ہیں۔

# کمپنی کی معلومات

| | |
|---|---|
| **بورڈ آف ڈائریکٹر** | غسان العامودی (چیئر پرسن)<br>جاوید اختر<br>پرویز غیاث<br>عمران آر ابراہیم<br>عائشہ خان<br>زبیر شیخ<br>ظفر اے خان<br>ضرار محمود<br>عامر آر پراچہ<br>بدرالدین ایف ویلانی<br>کائی اوئی وٹرسٹین |
| **چیف ایگزیکٹو** | زبیر شیخ |
| **آڈٹ کمیٹی** | عمران آر ابراہیم (چیئر پرسن)<br>جاوید اختر<br>بدرالدین ایف ویلانی |
| **کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے** | ظفر اے خان (چیئر پرسن)<br>پرویز غیاث<br>زبیر شیخ<br>کائی اوئی وٹرسٹین |
| **کمپنی سیکرٹری** | لالہ رخ حسین - شیخ |
| **رجسٹرڈ دفتر** | شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزمان<br>روڈ، کراچی 75530 پاکستان |
| **آڈیٹرز** | ای وائے فورڈ رہوڈز |
| **لیگل ایڈوائزرز** | ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز |
| **رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر** | فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ<br>8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،<br>بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس<br>شاہراہِ فیصل<br>کراچی-75400 |

# ڈائریکٹرز کی رپورٹ

31 مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

## عزیز شیئر ہولڈرز

کمپنی کے ڈائریکٹر ان 31 مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے غیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ساتھ اپنی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 31 مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے نفع درج ذیل تھا:

| | |
|---|---|
| | **روپے ملین میں** |
| **نفع قبل از ٹیکس** | **1,453** |
| ٹیکس | (580) |
| **31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے سال کا خالص نفع** | **873** |
| | **روپے** |
| **نفع فی شیئر–بنیادی اور سیال (diluted)** | **4.08** |

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان مالی گوشواروں کے 09 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیان میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

## کاروبار کی کارکردگی

پاکستان کے معاشی اظہاریے 2025ء کی پہلی سہ ماہی کے دوران بحالی کی راہ پر گامزن رہے، جس کی بنیاد 2024ء کی مثبت رفتار پر استوار تھی جسے مستحکم کرنسی اور عالمی سطح پر اجناس کی کم قیمتوں سے مدد ملی۔ اگرچہ یہ رجحانات معاشی ترقی کے لیے حوصلہ افزا علامات ہیں، تاہم مسلسل نمو اور مجموعی معاشی استحکام برقرار رکھنا اب بھی ایک چیلنج ہے۔

تیل کی صنعت میں عمومی معاشی بحالی سے ہم آہنگ قدرے نمو دکھائی دی۔ تاہم، پٹرولیم مصنوعات میں جاری غیر قانونی تجارت اس شعبے کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ان چیلنجز کے باوجود، کمپنی نے اپنا مارکیٹ شیئر برقرار رکھا، اور سخت نیٹ ورک کنٹرولز کے ذریعے مسابقتی مارکیٹ میں اپنی مضبوطی کا مظاہرہ کیا۔

سیلز ٹیکس کے نظام میں حالیہ تبدیلی نے کمپنی اور مجموعی طور پر تیل کی صنعت کے لیے کاروباری لاگت میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ اس کے رد عمل میں کمپنی صنعت کے دیگر فریقوں کے ساتھ مل کر اس کے منفی اثرات کو متعلقہ ریگولیٹری فورمز پر اجاگر کرنے کے لیے کام کر رہی ہے اور صنعت کے مارجن کا از سر نو جائزہ لینے کے لیے متعلقہ حکومتی اداروں کے ساتھ رابطے میں ہے تاکہ یہ مالی دباؤ کی صحیح عکاسی کر سکیں۔

ان حالات کے پیش نظر، کمپنی نے سہ ماہی کے دوران 873 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا جو موٹر فیولز میں مستحکم مارکیٹ شیئر اور پریمیم فیولز و لبریکنٹس کے شعبوں میں نمو کی بدولت حاصل ہوا۔

## لبریکنٹس

لبریکنٹس کاروبار نے نئی مصنوعات کی پیشکش، صارفین پر مرکوز اقدامات، اور مارکیٹ میں رسائی کی حکمتِ عملیوں کے ذریعے اپنے مارکیٹ شیئر میں اضافہ کیا۔ لبریکینٹس کاروبار نے صارفین (B2C) اور صنعتی شعبے (B2B) دونوں زمروں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں بہتری کے ساتھ مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

صارفین کے شعبے (B2C) میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں دوہندسی (double-digit) ترقی حاصل کی۔ B2C کے دائرہ کار میں نمایاں اقدامات میں ہیلیکس اور رِیمولا پر صارفین کے لیے خصوصی پروموشنز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، نئی برانڈ مہمات کا آغاز بھی کیا گیا جن میں شان شاہد اور فہد مصطفیٰ کو ہیلیکس اور ایڈوانس کے برانڈ ایمبیسیڈرز کے طور پر پیش کیا گیا، جن کے اشتہارات ICC چیمپئنز ٹرافی 2025ء کے دوران نشر کیے گئے۔

مالی سال 25ء کے آغاز میں انڈسٹریل لبریکنٹس کے کاروبار (B2B) نے زبردست کارکردگی دکھائی، جس کی وجہ اسٹریٹجک کامیابیاں اور منظم عمل درآمد تھا۔ اہم OEMs کے ساتھ شراکت داری کو مضبوط بنانے کے نتیجے میں پورٹ فولیو میں ہدفی بہتری ممکن ہوئی، جس سے مارکیٹ میں کمپنی کی پوزیشن مزید مستحکم ہوئی۔ آپریشنز کے لحاظ سے B2B نے مقدار میں نمایاں اضافے، مارجن کے اعتبار سے مضبوط کارکردگی، اور بہتر کیش ریکوری حاصل کی۔ کمپنی نے مائننگ سیکٹر میں اپنی قائدانہ حیثیت برقرار رکھی۔

لبریکنٹ آئل بلینڈنگ پلانٹ اور کسٹمر آپریشنز نے بھی فرنٹ لائن بزنس کے ساتھ مل کر کاروبار کی فراہمی میں انتھک محنت کی۔ ان کی بنیادی توجہ مہارتوں کا فروغ، اجزا کی سپلائی کے لیے مزید آپشنز کی تلاش، اور صارفین کے اطمینان پر مرکوز رہی، جو مستقبل میں نئے مواقع تلاش کرنے میں معاون ہوگی۔ یہ اقدامات اس بات کو بھی یقینی بناتے ہیں کہ کمپنی مارکیٹ میں مسابقتی حیثیت برقرار رکھے۔

## موبیلٹی

موبیلٹی بزنس نے ملک بھر میں اپنی موجودگی کو مزید مضبوط بنائے رکھا جس میں ہر سطح پر صارف کے تجربے کو بہتر بنانے پر بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔ صارفین کے لیے رسائی اور سہولت کو بڑھانے کی جاری کوششوں کے تحت، شیل کے برانڈ شدہ قومی نیٹ ورک میں 4 نئے اسٹیشنوں کا اضافہ کیا گیا، جبکہ 3 موجودہ شیل اسٹیشنوں کی مکمل طور پر تجدیدِ نو کی گئی تاکہ ان کی ظاہری حالت اور مجموعی تاثر کو بہتر بنایا جاسکے۔

پریمیم فیول "Shell V-Power" نے شاندار ترقی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اعلیٰ معیار کی مصنوعات فراہم کرنے کے عزم کی توثیق کی۔ Shell V-Power نے 2025ء کی پہلی سہ ماہی میں ہی تاریخی سنگِ میل عبور کیا اور فروخت کا بلند ترین حجم حاصل کیا، اور انڈسٹری میں سب سے زیادہ penetration rate کا ریکارڈ قائم کیا۔

نان فیول ریٹیل (NFR) کے شعبے میں، کمپنی نے مخصوص مہمات اور شراکت داریوں کے ذریعے صارفین کو بہتر قدر فراہم کی۔ "چھوٹے خرچے، بڑے انعامات" رمضان مہم نے شیل سلیکٹ اسٹورز پر صارفین کی تعداد میں اضافہ کیا، جبکہ والز اور گرین او کے ساتھ اشتراک نے صارفین کے لیے منفرد اور خصوصی قدر افزائی کی۔

## ماحولیات، سماج اور نظم و نسق

تعمیر کے ذریعے لاہور اور راولپنڈی کے نیشنل انکیوبیشن سینٹرز میں ورکشاپس کے ذریعے مجموعی طور پر 52 کاروباری افراد کو تربیت فراہم کی گئی، جن میں کاروباری مہارت، جدت، خیال سازی، اور بزنس ماڈل بنانے اور کاروبار شروع کرنے کے بنیادی اصولوں جیسے موضوعات شامل تھے۔ یہ ورکشاپس تعمیر کے سابق ساتھی "آبشار" کے تعاون سے منعقد کی گئیں۔

تعمیر نے علاقائی مینٹورنگ سرکلز (Regional Mentoring Circles) کی میزبانی بھی کی، جن میں اسلام آباد، لاہور اور فیصل آباد کے اسٹارٹ اپس کو باہمی اشتراک کے مواقع فراہم کیے گئے۔

متعدد اسٹریٹجک روابط بھی قائم کیے گئے، جن میں آئرش سفارت خانے اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے ساتھ پاکستان-برطانیہ و آئرلینڈ بزنس کونسل اجلاس میں شرکت، اور HEC (ہائر ایجوکیشن کمیشن) کی جانب سے منعقدہ "Investor Connect Event (ICE25)" شامل ہیں۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے تعمیر نے تعلیمی و صنعتی اداروں سے اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنایا تاکہ اپنی رسائی کو وسیع کیا جاسکے۔ یہ اقدامات تعمیر کے اُس عزم کے عکاس ہیں جو پاکستان بھر میں ایک جامع، اختراعی اور بااثر کاروباری ماحول کے فروغ اور مستحکم شراکت داریوں کے قیام کے لیے کیا جارہا ہے۔

بین الاقوامی یومِ خواتین 2025 کی مناسبت سے، وافی انرجی پاکستان نے "Accelerate Action" کے موضوع کے تحت کراچی کے ڈیفنس فلنگ اسٹیشن پر ایک گاڑی کی دیکھ بھال اور حفاظتی شعور کی بیداری کا سیشن منعقد کیا۔ اس تقریب کا مقصد خواتین کو گاڑیوں کی دیکھ بھال سے متعلق بنیادی مہارتیں فراہم کرنا تھا تاکہ وہ سڑک پر مزید پُراعتماد اور محفوظ محسوس کرسکیں۔ سیشن کے دوران خواتین شرکاء کو اہم کارکیئر امور جیسے آئل کی تبدیلی، ٹائر پریشر چیک کرنا، ڈیش بورڈ اشاروں کو سمجھنا، اور ایندھن کے معیار کو پہچاننے کی عملی تربیت دی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ، ماہرین نے روڈ سیفٹی اور ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی، جس سے خواتین کو مزید خودمختار اور بااعتماد انداز میں گاڑی چلانے میں مدد ملی۔

## ایچ ایس ای

کمپنی ایچ ایس ای (حفاظت، صحت، سیکیورٹی اور ماحولیات) کے معیارات برقرار رکھنے کے عزم پر کاربند ہے۔ بہترین عملی طریقوں کے مسلسل اطلاق کے ذریعے، کمپنی ایک ایسا ماحول تشکیل دیتی ہے جہاں حفاظت، سیکیورٹی اور ماحولیاتی خیال بنیادی اقدار کے طور پر فروغ پاتے ہیں۔

2025ء کی پہلی سہ ماہی میں ہماری توجہ اہم ایچ ایس ای خطرات اور انہیں کم کرنے کے لیے خصوصی مہمات پر مرکوز رہی۔ ان میں سے ایک قابلِ ذکر اقدام رمضان سیفٹی مہم تھی، جس میں روڈ ٹرانسپورٹ، کنٹریکٹر سیفٹی، ٹرمینل آپریشنز اور فرنٹ لائن ٹیمز کی شمولیت جیسے اہم پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔ اس مہم میں فرنٹ لائن ٹیمز کے ساتھ فعال روابط شامل تھے تاکہ محفوظ طریقہ کار کو مزید تقویت دی جاسکے۔ کمپنی نے مقامی ریفائنریز اور دیگر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے ساتھ مل کر "میوچول ایڈ ایمرجنسی ریسپانس پلان (MAERP)" ڈرل کا انعقاد بھی کیا۔ اس مشق کا مقصد ہنگامی صورتِ حال میں تیاری کا جائزہ لینا، مختلف فریقوں کے درمیان ہم آہنگی کو بہتر بنانا، اور ریسپانس پلان کی اثرانگیزی کو جانچنا تھا۔

## بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی

| ڈائریکٹرز کی تعداد | مرد 10 | خواتین 01 |
|---|---|---|
| خودمختار ڈائریکٹر | 05 | |
| نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 04 | |
| ایگزیکٹو ڈائریکٹر | 02 | |

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئرہولڈرز، کسٹمرز، عملے اور دیگر فریقوں کے شکرگزار ہیں، اور ہم پاکستان کی سب سے بڑی انرجی کمپنی بننے کا اپنا سفر جاری رکھیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

**غسان العامودی**

چیئرپرسن

**زبیر شیخ**

چیف ایگزیکٹو

کراچی: 29 اپریل 2025ء

# مالی صورتِ حال کا بیان

31 مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء |
|---|---|---|---|
| | | ---------------(ہزار روپے)--------------- | |
| **اثاثے** | | | |
| **غیر حالیہ اثاثے** | | | |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات | 5 | 22,876,537 | 23,066,532 |
| حقِ استعمال کے اثاثے | | 8,310,636 | 6,739,378 |
| غیر مادی اثاثے | | 3,428,050 | 3,615,035 |
| طویل مدتی سرمایہ کاریاں | 6 | 6,542,153 | 5,975,703 |
| طویل مدتی قرضے | | 21,059 | 25,920 |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | 143,004 | 154,979 |
| مؤخر ٹیکس | | | – |
| | 7 | 41,321,439 | 39,577,547 |
| **جاری اثاثے** | | | |
| زیرِ تجارت اسٹاک | | 39,959,902 | 45,624,393 |
| تجارتی قرضے | | 8,030,694 | 7,734,206 |
| قرضے اور بیعانے | | 85,316 | 76,517 |
| قلیل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی ادائیگیاں | | 200,594 | 177,183 |
| دیگر واجبات | 8 | 3,657,342 | 5,293,443 |
| قلیل مدتی سرمایہ کاریاں | | 1,162,124 | 10,695,284 |
| بینک بیلنس | | 13,916,214 | 4.695.380 |
| | | 67,012,186 | 74,296,406 |
| **مجموعی اثاثے** | | 108,333,624 | 113,873,953 |
| **ایکویٹی اور واجبات** | | | |
| **ایکویٹی** | | | |
| سرمایہ حصص | 9 | 2,140,246 | 2,140,246 |
| پریمیم حصص | | 11,991,012 | 11,991,012 |
| عمومی ذخائر | | 207,002 | 207,002 |
| غیر مختص نفع | | 9,168,065 | 9,365,478 |
| بعد استعمال نوپیمائش فوائد – حقیقی نقصان | | -641,179 | (641,179) |
| دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نوپیمائش پر غیر حصولی نقصان | 6.2 | -5,000 | (5,000) |
| **مجموعی ایکویٹی** | | 22,860,146 | 23,057,559 |
| **واجبات** | | | |
| **غیر حالیہ واجبات** | | | |
| اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری | | 257,892 | 249,244 |
| طویل مدتی مالکاری | | 3,739,504 | 3,739,504 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات | | 8,392,188 | 6,837,201 |
| قلیل مدتی واجبات | | 2,115,394 | 2,055,806 |
| مؤخر ٹیکس خالص | | 338,053 | 160,844 |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | | 225,350 | 225.350 |
| | | 15,068,381 | 13,267,949 |
| **حالیہ واجبات** | | | |
| تجارتی و دیگر واجب الادا | 10 | 66,039,641 | 73,904,289 |
| صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات) | | 1,306,868 | 1,663,633 |
| غیر اداشدہ مقسومہ | | 1,089,176 | 19,053 |
| بے دعویٰ مقسومہ | | 268,723 | 269,746 |
| ٹیکس–خالص | | 550,122 | 571,535 |
| اثاثے کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کا حالیہ حصہ | | 6,035 | 6,035 |
| طویل مدتی تموین کا حالیہ حصہ | | 204,496 | 204,496 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ | | 603,609 | 573,231 |
| طویل مدتی واجبات کا حالیہ حصہ | | 336,427 | 336 427 |
| | | 70,405,097 | 77,548,445 |
| **اتفاقی مصارف و معاہدے** | 11 | | |
| **مجموعی ایکویٹی اور واجبات** | | 108,333,624 | 113,873.953 |

منسلک نوٹس 1 تا 19 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **زبیر شیخ** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# نفع نقصان اور دیگر جامع آمدنی کا بیان

31 مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

| | نوٹ | اختتام سہ ماہی<br>31 مارچ 2025ء | <br>31 مارچ 2024ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | |
| سیلز | | 101,298,292 | |
| | | | 109,034,165 |
| دیگر محاصل | | 293,766 | 240,443 |
| | | 101,592,057 | 109,274,608 |
| سیلز ٹیکس | | (2,166,723) | -1,884,057 |
| خالص محاصل | | 99,425,335 | 107,390,551 |
| فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت | | (93,139,082) | -100,908,462 |
| **مجموعی نفع** | | 6,286,253 | 6,482,089 |
| تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات | | (2,344,829) | -2,969,979 |
| انتظامی اخراجات | | (2,708,681) | -3,167,650 |
| دیگر اخراجات | | (481,485) | -93,445 |
| دیگر آمدنی | | 860,066 | 693,479 |
| **آپریٹنگ نفع** | | 1,611,324 | 944,494 |
| مالی لاگتیں | | (601,327) | -531,038 |
| | | 1,009,997 | 413,456 |
| معاون کے منافع کا حصہ - خالص ٹیکس | | 566,450 | 527,372 |
| **قبل از ٹیکس نفع اور کم از کم ٹیکس تفرق** | | 1,576,447 | 940,828 |
| حتمی ٹیکس | | (26,455) | - |
| کم از کم ٹیکس تفرق | | (97,331) | 318,392 |
| | | (123,786) | 318,392 |
| **نفع قبل از ٹیکس** | | 1,452,662 | 622,436 |
| انکم ٹیکس | | (402,742) | 165,539 |
| **حالیہ** | | (177,209) | 142,959 |
| مؤخر | | (579,951) | 308,498 |
| **مدت کے لیے خالص نفع** | | 872,710 | 313,938 |
| | | | |
| **مدت کے لیے مجموعی آمدنی** | | 872,710 | 313,938 |
| | | (ہزار روپے) | |
| آمدنی/(نقصان) فی حصہ—بنیادی اور سیال | | 4.08 | 1.47 |

منسلک نوٹس 1 تا 19 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

**ضرار محمود**
چیف فنانشل آفیسر

**زبیر شیخ**
چیف ایگزیکٹو

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

# ایکویٹی میں تبدیلیوں کا بیان

31مارچ2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

| | سرمایہ حصص | پریمیم حصص | عمومی ذخائر | مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع | بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان | سرمایہ کاریوں کی نوقدر پیمائی پر غیر حصولی (نقصان) | کُل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | محفوظ سرمایہ | | محفوظ محاصل | | | | |
| | --------- | --------- | --------- | (ہزار روپے) | --------- | --------- | --------- |
| 31 دسمبر 2023ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 5,773,614 | (369,884) | (5,000) | 19,736,990 |
| مدت کے لیے خالص نفع | - | - | - | 313,938 | - | - | 313,938 |
| مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | - | - | - | - |
| | - | - | - | 313,938 | - | - | 313,938 |
| 31مارچ2024ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 6,087,552 | (369,884) | (5,000) | 20,050,928 |
| **31 دسمبر 2024ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)** | **2,140,246** | **11,991,012** | **207,002** | **9,365,478** | **(641,179)** | **(5,000)** | **23,057,559** |
| مدت کے لیے خالص نفع | - | - | - | 872,710 | - | - | 872,710 |
| مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | - | - | - | - |
| | - | - | - | 872,710 | - | | 872,710 |
| 31 دسمبر 2024ء کی اختتامی مدت کے لیے حتمی نقد مقسومہ، 5/- روپے فی شیئر | - | - | - | (1,070,123) | - | - | (1,070,123) |
| **31مارچ2024ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)** | **2,140,246** | **11,991,012** | **207,002** | **9,168,065** | **641,179** | **(5,000)** | **22,860,146** |

منسلک نوٹس 1 تا 19 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**زبیر شیخ**
چیف ایگزیکٹو

**ضرار محمود**
چیف فنانشل آفیسر

# رقوم کے بہاؤ کا بیان

31 مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

| | نوٹ | اختتام سہ ماہی 31 مارچ 2025ء | 31 مارچ 2024ء |
|---|---|---|---|
| | | ---------(ہزار روپے)--------- | |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| آپریشنز سے حاصل ہونے والی رقوم | | 623,589 | 11,208,442 |
| اداشدہ مالی لاگتیں | | (744) | (1,552) |
| اجارہ واجبات کا اداشدہ سودی حصہ | | (278,553) | (141,724) |
| اداشدہ انکم ٹیکس | | (547,941) | (226,088) |
| طویل مدتی قرضے | | 4,861 | (42,304) |
| طویل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی | | 11,974 | (57,366) |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں میں (مستعمل) / حاصل شدہ خالص رقوم** | | (186,813) | 10,739,408 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| معین سرمایہ جاتی اخراجات | | (363,219) | (675,185) |
| املاک، پلانٹ اور آلات کے تلف کیے جانے سے حاصل ہونے والی وصولیاں | | 16,394 | 2,736 |
| اوپن اینڈ شریعت سے ہم آہنگ میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کا اخراج | | 5,526,669 | |
| قلیل مدتی امانتوں اور سیونگ اکاؤنٹس سے حاصل ہونے والا سود | | 293,408 | 238,368 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | 5,473,251 | (434,081) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| اجارہ واجبات کا اداشدہ زرِ اصل | | (177,106) | (330,717) |
| اداشدہ مقسومے | | (1,023) | (8,124) |
| **مالکاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | (178,130) | (338,841) |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا میں خالص اضافہ** | | 5,108,309 | 9,966,486 |
| مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا | | 9,870,424 | 6,552,223 |
| **مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا** | | 14,978,733 | 16,518,709 |

منسلک نوٹس 1 تا 19 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **زبیر شیخ** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# مالی گوشواروں کے نوٹس

31مارچ2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

1 **کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ(("کمپنی")ایک محدود واجبہ کمپنی ہے جو متروک کمپنیز ایکٹ،7برائے1913(اب کمپنیز ایکٹ 1917ء)(ایکٹ) کے تحت28جون1969 کو پاکستان میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔

وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ نے شیل پاکستان لمیٹڈ کے جاری کردہ 87.78 فیصد شیئرز کے حصول کے ذریعے اور تمام ضروری ریگولیٹری منظوریوں کے بعد، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو کمپنی کے نام کی تبدیلی کی درخواست دی جو منظور کر لی گئی۔ 13 جنوری 2025ء سے کمپنی کا نام "شیل پاکستان لمیٹڈ" سے تبدیل ہو کر "وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ" ہو گیا۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس،6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

2 **آپریشنز کی بنیادیں**

2.1 یہ جامع عبوری مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے ،درج ذیل ہیں:

- بین الاقوامی اکاؤنٹنگ معیار 34 (IAS)، "عبوری مالی رپورٹنگ"، جو کہ انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ(IASB) کی جانب سے جاری کیا گیا ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017ء(قانون) کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛اور
- ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط IAS 34 کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

یہ جامع عبوری مالی بیانات، جو کہ کمپنی کے لیے سہ ماہی اختتام 31مارچ2025ء تک کے لیے تیار کیے گئے ہیں، اور غیر آڈٹ شدہ ہیں۔

2.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں وہ تمام معلومات اور انکشافات شامل نہیں ہیں جو سالانہ مالی بیانات کے لیے درکار ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2024ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ مالی بیانات کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔

2.3 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات ایکٹ کے سیکشن 237 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے مطابق شیئر ہولڈرز کو جمع کروائے جا رہے ہیں۔

3 **اکاؤنٹنگ پالیسی کی معلومات**

3.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات کی تیاری میں استعمال کیے گئے اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2024ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی تیاری میں کیا گیا تھا۔

3.2 کمپنی سال کے اختتام پر سالانہ حقیقی قیمت بندی کے طریقے پر عمل کرتی ہے۔ لہٰذا، بعد ملازمت فوائد کے منصوبوں کی از سر نو پیمائش کے اثرات کو ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

3.3 عبوری مدت کے دوران آمدنی پر ٹیکس اس شرح کے مطابق شمار کیا جاتا ہے جو کہ متوقع سالانہ منافع یا نقصان پر لاگو ہوتا ہو۔

## 4 اکاؤنٹنگ کے اہم تخمینے، مفروضات اور فیصلے

4.1 ان مالی گوشواروں کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کی تائید سے کی گئی ہے، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، جس کے لیے انتظامیہ کو فیصلے، تخمینے اور مفروضے کی ضرورت ہوتی ہے جو پالیسیوں کے اطلاق اور اثاثوں، واجبات، آمدنی اور اخراجات کی اطلاع شدہ رقم کو متاثر کرتی ہے۔ تخمینے اور اس سے وابستہ مفروضے تاریخی تجربے اور دیگر مختلف عوامل پر مبنی ہوتے ہیں جو کہ حالات کے تحت معقول سمجھے جاتے ہیں، جس کے نتائج اثاثوں اور واجبات کی مالیت کے بارے میں فیصلے کی بنیاد بنتے ہیں جو دوسرے ذرائع سے آسانی سے ظاہر نہیں ہوتے۔ حقیقی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ مفروضوں پر مبنی تخمینوں کا مسلسل بنیادوں پر جائزہ لیا جاتا ہے۔ اگر نظر ثانی صرف اسی مدت کو متاثر کرتی ہے تو اکاؤنٹنگ تخمینوں میں نظر ثانی اس مدت میں تسلیم کی جاتی ہے جس میں تخمینے پر نظر ثانی کی جائے یا نظر ثانی کی مدت اور مستقبل کے ادوار میں، اگر نظر ثانی موجودہ اور مستقبل دونوں ادوار کو متاثر کرتی ہو۔

ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات کی تیاری میں استعمال کیے گئے اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2024ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی تیاری میں کیا گیا تھا ماسوا وہ جن کو ظاہر کیا گیا ہے۔

| | | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>31مارچ2025ء | آڈٹ شدہ<br>31دسمبر2024ء |
|---|---|---|---|---|
| | | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| 4 | **جائیداد، پلانٹ اور آلات** | | | |
| | آپریٹنگ اثاثے - خالص کتابی قیمت پر | | 20,293,380 | 20,119,133 |
| | آپریٹنگ اثاثوں پر ضرر کی فراہمی | | (176,474) | (176,474) |
| | | | 20,116,906 | 19,942,659 |
| | جاری کام پر سرمایہ | | | |
| | جاری کام پر سرمائے کے لیے ضرر کی فراہمی | | 2,759,631 | 3,123,873 |
| | | | 22,876,537 | 23,066,532 |

5.1 آپریٹنگ اثاثوں میں اضافے، بشمول دورانِ مدت جاری کام پر سرمایے کی منتقلی درج ذیل تھیں:

| | غیر آڈٹ شدہ سہ ماہی کے اختتام پر<br>31مارچ2025ء | 31مارچ2024ء |
|---|---|---|
| | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | 137,162 | 429,511 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 74,374 | 186,417 |
| پلانٹ اور مشینری | 203,176 | 39,646 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | 1,985 | 27,206 |
| لفٹس | 2,061 | 7,766 |
| تقسیم کاری پمپ | 39,225 | 94,516 |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | 22,954 | 194,853 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 96,131 | 15,911 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 68,808 | 369,892 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 81,373 | 397,439 |
| | 727,249 | 1,763,157 |

5.2 دورانِ مدت درج ذیل اثاثے متروک / تلف کر دیے گئے:

| | لاگت | مجموعی فرسودگی | خالص کتابی قیمت |
|---|---|---|---|
| | -----------(ہزارروپے)----------- | | |
| **31مارچ2025ء(غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 20,434 | 20,434 | - |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 158 | 158 | - |
| پلانٹ اور مشینری | 9,813 | 6,801 | 3,012 |
| تقسیم کاری پمپ | 10,098 | 10,098 | - |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 71 | 71 | - |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 422 | 329 | 93 |
| | 40,996 | 37,891 | 3,105 |
| **31مارچ2024ء(غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 8,014 | 7,121 | 893 |

31مارچ2023ء کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے دوران اثاثوں کو تلف نہیں کیا گیا۔

| 5.3 **جاری کام پر سرمایہ** | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 31مارچ2025ء | آڈٹ شدہ 31دسمبر2024ء |
|---|---|---|---|
| | | --------------(ہزار روپے)-------------- | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | | 1,630,659 | 1,664,635 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | | 866,590 | 947,123 |
| پلانٹ اور مشینری | | 216,548 | 351,626 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | | 29,153 | 144,602 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | | 16,681 | 15,887 |
| | 5.3.1 | 2,759,631 | 3,123,873 |

5.3.1 دورانِ مدت جاری کام پر سرمائے میں اضافے سے یہ بڑھ کر 363,007ہزار روپے ہو گیا(31مارچ2023ء:675,185ہزار روپے).

| 6 **طویل مدتی سرمایہ کاریاں** | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 31مارچ2025ء | آڈٹ شدہ 31دسمبر2024ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزارروپے)----------- | |
| معاونین میں سرمایہ کاری۔غیر مندرج | 6.1 | 6,542,153 | 5,975,703 |
| دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت پر | 6.2 | - | - |
| | | 6,542,153 | 5,975,703 |

6.1 ایک غیر درج شدہ معاون پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پیپکو) میں 26 فیصد کی سرمایہ کاری شامل ہے، جو اکاؤنٹنگ کے زیر ایکویٹی طریقے پر کی گئی، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 31مارچ2025ء | آڈٹ شدہ 31دسمبر2024ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزارروپے)----------- | |
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | 5,975,703 | 5,680,940 |
| قبل از ٹیکس منافع پر حصہ | | 927,286 | 3,369,909 |
| ٹیکس کا حصہ | | (360,836) | (1,289,661) |
| | | 566,450 | 2,080,248 |
| دیگر جامع نقصان کا حصہ قبل از ٹیکس | | - | 482,811 |
| ٹیکس کا حصہ | | - | (188,296) |
| | | - | 294,515 |
| موصول شدہ مقسومہ | | - | (2,080,000) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | 6,542,153 | 5,975,703 |

6.2 ایک غیر درج شدہ معاون عربین سی کنٹری کلب لمیٹڈ (اے ایس ایس سی ایل) میں سرمایہ کاری شامل ہے، جو دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت پر کی گئی ہے، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

| | | | غیر آڈٹ شدہ | آڈٹ شدہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | 31 مارچ 2025ء | 31 دسمبر 2024ء |
| 7 | **زیر تجارت اسٹاک** | **نوٹ** | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| | خام مال اور پیکنگ کا سامان | | 706,732 | 6,452,528 |
| | متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | 7.1 | (82,830) | (13,483) |
| | | | 5,623,901 | 6,439,045 |
| | تیار مصنوعات | | 34,492,988 | 39,478,662 |
| | متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | | (156,987) | (293,314) |
| | | | 34,336,001 | 39,185,348 |
| | | | 39,959,902 | 45,624,393 |

7.1 متروک اور سست فروخت کے اسٹاک پر فراہمی حسبِ ذیل ہے:

| | غیر آڈٹ شدہ | آڈٹ شدہ |
|---|---|---|
| | 31 مارچ 2025ء | 31 دسمبر 2024ء |
| | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | 306,797 | 61,667 |
| مدت / سال کے دوران فراہمی | 65,450 | 306,797 |
| مدت / سال کے دوران استرداد | (132,429) | (61,667) |
| | (66,979) | 245,130 |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | 239,818 | 306,797 |

| | | غیر آڈٹ شدہ | آڈٹ شدہ |
|---|---|---|---|
| | | 31 مارچ 2025ء | 31 دسمبر 2024ء |
| 8 | **دیگر واجب الادا** | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| | پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیاں | 1,380,029 | 1,380,029 |
| | قیمت کے تفرق کے دعوے | | |
| | -درآمدی خریداریوں پر | 295,733 | 295,733 |
| | -ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) پر | 343,584 | 343,584 |
| | -درآمدی موٹر گیسولین پر | 195,925 | 195,925 |
| | کسٹم ڈیوٹی پر واجبات | 44,413 | 44,413 |
| | قابلِ واپسی سیلز ٹیکس | - | 725,099 |
| | اندرونِ ملک بوجھ کو مساوی کرنے کا نظام | - | 1,118,053 |
| | شیل گروپ کمپنیز کی جانب سے واجبات | 5,634 | 8,948 |
| | ایک معاون کمپنی -پیپکو کی جانب سے واجب الادا لاگتِ خدمت | 120,310 | - |
| | ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ | 13,910 | 13,910 |
| | آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے واجبات | 2,289,345 | 2,289,345 |
| | ٹیکس واجبات | | |
| | لیٹر آف کریڈٹ پر سود | 578 | 578 |
| | ڈیلرز کی جانب سے واجبات | 1,062,657 | 922,732 |
| | دیگر | 268,228 | 318,097 |
| | | 6,020,345 | 7,656,446 |
| | ضرر پر فراہمی | (2,363,003) | (2,363,003) |
| | | 3,657,342 | 5,293,443 |

8.1 بشمول 1,369,560 ہزار روپے کی پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (2022ء; 1,369,560 ہزار روپے) جو جون 2007ء سے برآمدی سیلز پر حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا ہے۔ 2011ء کے دوران کمپنی نے ان کے تصفیے کے لیے حکومتِ پاکستان کے وفاقی دفترِ محاصل (ایف بی آر) سے رابطہ کیا۔ ایف بی آر نے بعض دستاویزات طلب کیں جو کمپنی نے فراہم کر دیں۔ ایف بی آر نے 938,866 ہزار روپے کے دعووں کی تصدیق لارج ٹیکس پیئر یونٹ (ایل ٹی یو) کے ذریعے کی، جس کے حوالے سے 2014ء میں چیک وصول ہوئے۔ 2015ء کے دوران حکام کی جانب سے 182,004 ہزار روپے کے دعووں کی تصدیق کا عمل مکمل کر لیا گیا۔ مزید یہ کہ 2016ء کے دوران ایف بی آر کے ذریعے کسٹم اسٹیشن طور خم نے 851,330 ہزار روپے کے دعووں کی تصدیق مکمل کروائی۔ مزید برآں، باقی ماندہ دعوے بھی تصدیق کے مرحلے میں ہیں اور کمپنی پُرامید ہے کہ ایف بی آر کی تصدیق کے بعد پوری رقم کی بازیابی کروالی جائے گی۔

8.2 1990ء تا 2001ء کے دوران درآمدات پر قیمت کے تفرق اور سابقہ ریفائنری قیمت پر براہِ راست اور ریٹیل سیلز پر حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا رقم ظاہر کی گئی ہے۔

8.3 حتمی صارفین کے لیے آئل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے بوجھ کو کم کرنے کے حوالے سے پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کو روکنے کے لیے اس میں زرِ اعانت دینے کے حکومتِ پاکستان کے قیمتوں کے اعلان پر مقامی / درآمدی ایچ ایس ڈی کی خریداری پر قیمت کے تفرق پر حکومتِ پاکستان کی جانب سے دعوے کا ظاہر کرتا ہے۔

8.4 کمپنی کی جانب سے موٹر گیسولین کی درآمد پر قیمت کے تفرق کے دعووں میں کمپنی کے حصے کو ظاہر کرتا ہے، جو لینڈڈ کاسٹ اور اوگرا کی اعلان کردہ ایکس ریفائنری قیمتوں کے مابین فرق ہے۔ 2007ء میں بڑھتی ہوئی ملکی طلب کو پورا کرنے کے لیے اوگرا کے ڈائریکٹر جنرل کی سربراہی میں ایک میٹنگ میں کمپنی اور دیگر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں سے موٹر گیسولین کی درآمد کا کہا گیا تھا۔ جس پر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے وزارتِ پٹرولیم و قدرتی ذخائر سے قیمت بندی کے طریقہ کار کے ایک پروپوزل کے ساتھ رابطہ کیا تھا، جس میں صارف کے لیے موٹر گیسولین کی قیمت ایکس ریفائنری (درآمدی پیرٹی) قیمت اور درآمدی مصنوعات کی لینڈڈ قیمت کے بہ وزن اوسط پر معین کرنے کے تجویز دی گئی تھی۔ وزارت پٹرولیم و قدرتی ذخائر کی جانب سے کسی رد عمل کے نہ ہونے کے باوجود کمپنی اور دیگر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے صنعت کی جانب سے موٹر گیسولین کی درآمد جاری رکھی، کیونکہ انھیں اعتماد تھا کہ موٹر گیسولین پر قیمت کے تفرق کا تصفیہ پہلے کی طرح ہو جائے گا، جو کسٹم میں کارگو کے بھرنے کے وقت ایکس ریفائنری اور درآمدی لاگت کے درمیان تفرق پر مبنی ہو گا، کیونکہ یہ درآمدات وزارت پٹرولیم و قدرتی ذخائر کی ہدایات پر ہی کی جا رہی تھیں۔ کمپنی نے 31 مئی 2011ء تک دعووں کی آڈٹ شدہ رپورٹس جمع کروائیں جن کی رقم 2,411,661 ہزار روپے تھی۔

2012ء میں، بڑھتی ہوئی مقامی طلب کو پورا کرنے کے لیے، وزارت کی ہدایت پر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے ایک بار پھر موٹر گیسولین درآمد کی۔ کمپنی نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے ساتھ ایک بار پھر حکومتِ پاکستان سے رجوع کیا کہ قیمتوں کے طریقہ کار میں گیلپ کارگو پرہائی پریمیم کو شامل کیا جائے۔ وزارت نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی تجویز کو قبول کیا اور آئی ایف ای ایم میکانزم کے ذریعہ درآمد شدہ موٹر گیسولین کے اصل پریمیم تفریق کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے اپنے ہدایت نامے پی ایل-3 (457)/2012ء-43 بتاریخ 30 جون 2012ء کے ذریعے اوگرا کو ہدایت کی۔ 2013ء کے دوران کمپنی نے ایک مراسلے بتاریخ 20 مئی 2013ء کے ساتھ وزارت سے رابطہ کیا جس میں 109,896 ہزار روپے کے دعوے کے تصفیے کے عمل کو تیز کرنے کی درخواست کی تھی۔ 6 جون 2013ء کو وزارت پٹرولیم و قدرتی ذخائر نے اس مسئلے پر مزید غور و خوض اور حل کے لیے آڈٹ شدہ دعویٰ جمع کروانے کی درخواست کی۔ اس کے بموجب کمپنی نے دعوے کی آڈٹ شدہ رپورٹ جمع کروادی۔ 2017ء اور 2018ء کے دوران مذکورہ بالا وزارت پٹرولیم و قدرتی ذخائر کے ہدایت نامے پر آئی ایف ای ایم طریقہ کار کے ذریعے بالترتیب 71,844 ہزار روپوں اور 38,052 ہزار روپوں کے مجموعی دعووں کا تصفیہ کیا گیا۔

8.5 مذکورہ بالا امور (نوٹ 8.1 تا 8.4) کے حوالے سے کمپنی دیگر او ایم سیز اور آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (OCAC) کے ساتھ مل کر وزارت پٹرولیم و قدرتی ذخائر سے رابطے میں ہے اور ان واجبات کی بازیابی کے لیے پُرامید ہے۔

8.6 وزارت مالیات کی جانب سے فنانس ایکٹ 2016ء بتاریخ 24 جون 2016ء کے ذریعے خام تیل، ہائی اسپیڈ ڈیزل اور موٹر گیسولین کی درآمد پر، 25 جون 2016ء سے مؤثر کسٹم ڈیوٹی کی شرح میں اضافے کے سلسلے میں واجبات ظاہر کرتا ہے۔ پراڈکٹ کی قیمت بندی کے فارمولے کے تحت آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی فروخت پر صارفین سے وہی لاگتی عناصر اور ڈیوٹیاں بازیاب کروائے جن کی قیمتوں کی اطلاع ماہانہ بنیادوں پر دی جاتی ہے۔ تاہم کسٹم ڈیوٹی کی شرح میں اضافے کا اثر جولائی 2016ء میں اوگرا کی جانب سے جاری کی گئی قیمت کی اطلاع میں شامل نہیں کی گئی، جس کے نتیجے میں حکومتِ پاکستان کے ذمے کسٹم ڈیوٹی پر قابلِ ادا واجبات عائد ہو گئے۔ کمپنی نے درج بالا بیلنس کی حکومتِ پاکستان سے بازیابی کے لیے اس معاملے کو او سی اے سی کے سامنے اٹھایا اور اس سلسلے میں رقوم کی بازیابی کے لیے پُرامید ہے۔

8.7 بشمول درج ذیل ٹیکس امور کے لحاظ سے رقوم:

8.7.1 2013ء میں، ڈپٹی کمشنر ان لینڈ ریونیو (ڈی سی آئی آر) نے اپیلیٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو (اے ٹی آئی آر) کی ہدایات کی تعمیل کرتے ہوئے، ٹیکس سال 2006ء کے سلسلے میں ڈینووکارروائی مکمل کی اور 425,514 ہزار روپے کا مطالبہ کیا۔ یہ مطالبہ بنیادی طور پر ہائی اسپیڈ ڈیزل کی درآمد پر شیل انٹرنیشنل ٹریڈنگ مڈل ایسٹ (ایس آئی ٹی ایم ای) کو دیے گئے پریمیم کی عدم دستیابی سے متعلق ہے جبکہ اسے غیر مقیم کی ادائیگی کے طور پر رکھتے ہوئے کمپنی انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 152 کے تحت ٹیکس میں کٹوتی کرنے میں ناکام رہی ہے۔ جس کے مطابق مذکورہ بالا آرڈر کے جواب میں کمپنی نے 301,167 ہزار روپے کی رقم جمع کروائی جبکہ 111,785 ہزار روپے کی رقم کا سیلز ٹیکس ری فنڈ میں تصفیہ کیا گیا۔ مزید برآں، آرڈر میں موجود بعض واضح غلطیوں کی اصلاح کے لیے ایک اصلاحی درخواست بھی دائر کی گئی تھی جسے قبول کر لیا گیا ہے اور اس کو عملی شکل دی گئی ہے۔ کمپنی نے مذکورہ بالا آرڈر کے خلاف بھی کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کے سامنے اپیل دائر کی تھی جس نے 2 فروری 2015ء کو اپنے آرڈر میں ڈی سی آئی آر کے ذریعہ منظور کردہ حکم کو برقرار رکھا ہے۔ کمپنی نے اے ٹی آئی آر سے پہلے اس کے خلاف ایک اپیل دائر کی ہے جو سماعت کے لیے زیر التوا ہے۔

8.7.2 کمپنی نے ٹیکس سال 2018ء کے لیے ٹیکس حکام کی جانب سے موصول شدہ 859,524 ہزار روپے کے ڈیمانڈ آرڈر کے خلاف کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کے روبرو اپیل دائر کرتے ہوئے سیکشن 137(2) کے تحت 161,672 ہزار روپے کی رقم ادا کی۔ مذکورہ ڈیمانڈ آرڈر میں ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو نے تکنیکی خدمات کی فیس، قرض دہندگان اور واجبات کی مدت پوری ہونے، مختلف اثاثہ جات کی فروخت اور ختم کیے جانے پر ہونے والے ٹیکس نقصان، اور زرِمبادلہ کے نقصان کو مسترد کر دیا جو مجموعی طور پر 3,541,496 ہزار روپے کی رقم تھی۔

سال 2023ء میں، کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) نے 23 جنوری 2023ء کو جاری کردہ فیصلے کے ذریعے غیر وصول زرِمبادلہ کے نفع / نقصان کی نااہلی کو برقرار رکھا، جس کے خلاف کمپنی نے اپیلیٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو (اے ٹی آئی آر) میں اپیل دائر کی۔ قرض دہندگان اور واجبات کی عمر سے متعلق معاملہ واپس بھیج دیا گیا، جبکہ باقی تمام امور کے لیے کمپنی کے حق میں فیصلے صادر کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر ان لینڈ ریونیو (ڈی سی آئی آر) نے 5 اکتوبر 2023ء کو اپیل ایفیکٹ جاری کی، جس میں وصول شدہ زرِمبادلہ کے نقصان پر ریلیف نہیں دیا گیا۔ کمپنی کی جانب سے تصحیح کی درخواست دائر کرنے پر 28 دسمبر 2023ء کو نیا حکم نامہ جاری کیا گیا، جس کے نتیجے میں ڈیمانڈ صفر کر دی گئی

سال کے دوران، کمپنی نے ٹیکس سال 2014ء میں عائد کردہ کم از کم ٹیکس کی ایڈجسٹمنٹ کے لیے تصحیح کی درخواست دائر کی، جو کہ مرکزی اپیل کے ساتھ اپیلیٹ ٹریبونل انکم ٹیکس (اے ٹی آئی آر) میں جمع کروائی گئی تھی۔ اے ٹی آئی آر نے 18 ستمبر 2024ء کے حکم نامے کے ذریعے متعلقہ افسر کو قانون کے مطابق ضروری تصحیح کرنے کی ہدایت دی۔

8.7.3 کمپنی نے ٹیکس سال 2021ء کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر ان لینڈ ریونیو کی جانب سے جاری کردہ ڈیمانڈ آرڈر پر 484,469 ہزار روپے کی ادائیگی کی۔ یہ ڈیمانڈ بنیادی طور پر تکنیکی خدمات کی فیس، قرض دہندگان اور واجبات کی عمر، اثاثہ جات کی فروخت اور متروک قرار دینے میں ہونے والے نقصانات، اور زرِمبادلہ کے نقصان کی نااہلی سے پیدا ہوئی، جو مجموعی طور پر 3,899,822 ہزار روپے بنتی ہے۔ مزید یہ کہ ٹیکس سال 2017ء کی ریفنڈ رقم، جو کہ ریٹرن فائل کرتے وقت استعمال کی گئی تھی، اسے بھی نااہل قرار دیا گیا۔ کمپنی نے کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کے روبرو اپیل دائر کی۔

کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) نے 29 جون 2022ء کے اپیلیٹ فیصلے کے ذریعے تکنیکی خدمات کی فیس اور مختلف اثاثہ جات کی فروخت اور متروک قرار دینے کے لیے نقصانات پر کمپنی کے حق میں فیصلہ دیا، جبکہ زرِمبادلہ کے نقصان کے معاملے میں اے سی آئی آر کے مؤقف کو برقرار رکھا اور خالص نقصانات کے تصفیے کے معاملے کو دوبارہ جانچ کے لیے واپس بھیج دیا۔ کمپنی نے کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کی جانب سے برقرار رکھے گئے معاملات کے خلاف اپیلیٹ ٹریبونل انکم ٹیکس (اے ٹی آئی آر) میں اپیل دائر کی۔

اے سی آئی آر نے 19 جون 2023ء کو حکم نامہ جاری کیا، جس میں کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کے مذکورہ اپیلیٹ فیصلے کا اپیل ایفیکٹ دیا گیا۔

8.7.4 ٹیکس سال 2022ء کے لیے کمپنی نے 365,667 ہزار روپے کی رقم 16 اگست 2023ء کو ACIR کی جانب سے جاری کردہ ڈیمانڈ آرڈر کے تحت ادا کی، جس میں مختلف کٹوتیاں کی گئیں، جن میں ڈیلر آپریٹڈ سائٹس پر موجود اثاثوں پر فرسودگی، اثاثوں کو متروک پر ہونے والے ٹیکس نقصانات، قرض دہندگان اور واجب الاداواجبات کی عمر رسیدگی، غیر وصول شدہ زرِمبادلہ کے نقصانات اور تکنیکی خدمات کی فیس شامل ہیں۔ یہ کٹوتیاں مجموعی طور پر 4,942,780 ہزار روپے کی تھیں۔ اس کے علاوہ 10 فیصد کی شرح سے سپر ٹیکس بھی عائد کیا گیا، جسے پہلے ہی سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جا چکا ہے۔ اس آرڈر کے تحت مجموعی طور پر 1,077,099 ہزار روپے کا مطالبہ اٹھایا گیا۔ کمپنی نے کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کے سامنے اپیل دائر کی۔ کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) نے اپنے فیصلے مورخہ 15 ستمبر 2023ء میں، ڈیلر آپریٹڈ سائٹس پر اثاثوں کی فرسودگی، اثاثوں کو متروک کرنے پر ٹیکس نقصانات، اور تکنیکی خدمات کی فیس سے متعلق معاملات میں کمپنی کے حق میں فیصلہ دیا، جبکہ دیگر معاملات کو یا تو برقرار رکھا یا ٹیکس محکمے کو واپس بھیج دیا۔ اپیل ایفیکٹ آرڈر مورخہ 26 ستمبر 2023ء کے مطابق واجب الادا رقم کو کم کر کے 555,392 ہزار روپے کر دیا گیا، جس میں سے 505,479 ہزار روپے سپر ٹیکس کے سلسلے میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے مطابق روک دیے گئے ہیں، جبکہ باقی رقم ادا کر دی گئی ہے۔

کمشنر انکم ٹیکس (اپیل) کی جانب سے برقرار رکھے گئے یا واپس بھیجے گئے معاملات کے حوالے سے کمپنی نے اے ٹی آئی آر کے روبرو اپیل دائر کی ہے۔

9 سرمایہ حصص

مجاز سرمایہ حصص

| غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء | | غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | | -------------(ہزار روپے)------------- | |
| | | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | | |
| **300,000,000** | 300,000,000 | | **3,000,000** | 3,000,000 |

جاری کردہ اختیار کردہ اداشدہ سرمایہ

| غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء | | غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | | -------------(ہزار روپے)------------- | |
| | | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | | |
| **130,493,331** | 130,493,331 | مکمل طور پر نقد میں ادا کیا گیا | **1,304,933** | 1,304,933 |
| **83,531,331** | 83,531,331 | مکمل اداشدہ بونس شیئرز کے طور پر جاری کردہ | **835,313** | 835,313 |
| **214,024,662** | 214,024,662 | | **2,140,246** | 2,140,246 |

9.1 رپورٹنگ کی تاریخ پر پیرنٹ کمپنی نے کمپنی کے جاری کردہ حصص سرمایہ میں سے 10 روپے فی حصص کے 187,866,141 عام حصص رکھے ہوئے تھے، جو کہ 87.78 فیصد بنتے ہیں (31 دسمبر 2024ء: 10 روپے فی حصص کے 187,866,141 عام حصص، جو کہ 87.78 فیصد بنتے ہیں)۔

| 10 تجارتی و دیگر واجبات | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| قرض خواہ | 10.1 | **56,270,389** | 62,362,807 |
| واجب الحصول واجبات | 10.2 | **6,179,367** | 6,332,420 |
| اندرونِ ملک باربرداری کے مساوی طریقہ کار | | **2,318,347** | 3,729,831 |
| محفوظ امانتیں | | **572,888** | 570,869 |
| عملے کی ریٹائرمنٹ پر فوائد کی اسکیم | | **78,671** | 78,671 |
| ورکرز ویلفیئر فنڈ | | **608,146** | 587,540 |
| سیلز ٹیکس واجب الادا | | **9,253** | - |
| کارکنوں کا شراکتی منافع کا فنڈ | | **-** | 126,466 |
| عملے کو ملازمت سے فارغ کرنے کے منصوبے کی فراہمی | | **-** | 109,993 |
| دیگر واجبات | | **2,580** | 5,692 |
| | | **66,039,641** | 73,904,289 |

11 اتفاقی مصارف اور معاہدات

11.1 اتفاقی مصارف

اتفاقی مصارف کے حوالے سے 31 دسمبر 2024ء کو اختتام پذیر ہونے والے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 25.1 میں بتائی گئی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے ماسوا درج ذیل کے:

### 11.1.1 انفراسٹرکچر فیس

31 دسمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 25.1.1 کے حوالے سے، سندھ ہائی کورٹ کی طرف سے دیے گئے اسٹے کے نتیجے میں کمپنی نے اس کی پوزیشن کا دوبارہ جائزہ لیا اور اسے قرضہ تسلیم بغیر، 31 مارچ 2025ء تک جمع شدہ لیوی کا تخمینہ 749,300 ہزار روپے لگایا ہے (31 دسمبر 2024ء: 716,792 ہزار روپے)۔ تاہم، مجموعی فیس کی وجہ سے کوئی ذمہ داری، اگر ہے تو، اس کا پتا ابھی کمپنی میں اس کے اطلاق کی حد سے متعلق غیر یقینی صورت حال کی وجہ سے نہیں ہو سکتا ہے۔

مینجمنٹ، اپنے قانونی مشیر کی رائے کی بنیاد پر، ایک ساز گار نتیجے کے لیے پر یقین ہے اور اس کے مطابق ان مالی بیانات میں لیوی کے خلاف کوئی انتظام نہیں کیا گیا ہے۔

### 11.2 معاہدات

| | | غیر آڈٹ شدہ<br>31 مارچ 2025ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2024ء |
|---|---|---|---|
| | | ---(ہزار روپے)--- | |
| سرمایہ جاتی اخراجات کے لیے معاہدات | | **1,541,132** | 2,389,684 |
| واجب الادا لیٹر آف کریڈٹ | 11.2.1 | **23,302,326** | 21,545,519 |
| واجب الادا بینک گارنٹیاں | 11.2.1 | **3,432,961** | 3,176,304 |
| واجب الادا بینک معاہدے | | **4,855,464** | 334,585 |
| تاریخ ما قبل چیک | 11.2.2 | **43,313,047** | 44,960,267 |

11.2.1 لیٹر آف کریڈٹ کی کل سہولتیں 63,249,250 ہزار روپے (31 دسمبر 2024ء: 63,249,250 ہزار روپے) اور بینک گارنٹی کی رقم کے لیے 5,600,000 ہزار روپے (31 دسمبر 2024ء: 5,600,000 ہزار روپے) ہیں۔

گذشتہ کے لیے سپر ٹیکس کے سلسلے میں بینک گارنٹی اور کسٹم حکام کی طرف سے کیے گئے دعوے شامل ہیں۔

11.2.2 یہ رقم کسٹمز ایکٹ 1969ء کے مطابق کلکٹر آف کسٹمز پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے پاس جمع کرائی گئی ہے تاکہ فنانس ایکٹ 2005ء کے تحت درآمدات پر عائد ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کی ذمہ داری مناسب طریقے سے ادا کی جا سکے۔ ان چیکوں کی عرصیت کی تاریخ 22 ستمبر 2025ء تک بڑھائی گئی ہے۔

## 12 ٹیکس

یہ وہ حصہ ہے جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (ITO, 2001) کے سیکشن 113 کے تحت فائنل ٹیکس کے طور پر ادا کیا گیا، اور جو IAS 37 / IFRIC 21 کی شرائط کے مطابق عائد کی گئی لیوی کی نمائندگی کرتا ہے۔

فائنل ٹیکس، کم از کم ٹیکس کے فرق اور انکم ٹیکس کا مجموعی طور پر 526,528 ہزار روپے (31 مارچ 2024: 483,931 ہزار روپے) کمپنی کے ٹیکس واجبات کی نمائندگی کرتا ہے جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی متعلقہ دفعات کے تحت شمار کیے گئے ہیں۔

| | | غیر آڈٹ شدہ اختتام سہ ماہی | |
|---|---|---|---|
| | | 31 مارچ 2025ء | 31 مارچ 2024ء |
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| **13 آپریشنز سے حاصل کی گئی / استعمال میں رقم** | | | |
| (نقصان) نفع قبل از ٹیکس | | 1,576,447 | 940,828 |
| نان ٹیکس چارجز اور دیگر اشیا کا تصفیہ: | | | |
| مدت کے لیے آپریٹنگ اثاثوں پر فرسودگی کے چارجز | | 549,897 | 603,688 |
| مدت کے لیے حق استعمال کے اثاثوں پر فرسودگی کے چارجز | | 191,213 | 223,545 |
| سال کے لیے رہن چارجز | | 186,985 | - |
| اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کے لحاظ سے خرچ میں اضافہ | | 8,648 | 7,403 |
| تجارتی قرضوں کے ضرر کے لیے (استرداد) / فراہمی | | 3,520 | (2,121) |
| | | 41,407 | - |
| | | 18,180 | - |
| دیگر واجبات کی مضرت پر فراہمی | 8 | - | 50,963 |
| متروک اور کم فروخت ہونے والے اسٹاک کے لیے (استرداد) / فراہمی | 7.1 | (66,979) | 47,960 |
| آپریٹنگ اثاثوں کے ضرر کے لیے فراہم اشیا کا استرداد | 5 | - | (4,618) |
| آپریٹنگ اثاثوں کو تلف کرنے پر فوائد | | (13,289) | (1,843) |
| معاون کے نفع پر حصہ_ خالص ٹیکس | 6.1 | (566,450) | (527,372) |
| میعادی ڈپازٹس اور سیونگ اکاؤنٹس پر سود | | (399,226) | (238,368) |
| قرضوں پر مارک اپ اور جاری قرضے | | 744 | - |
| اجارے کے واجبات پر سود | | 278,553 | 215,451 |
| جاری سرمائے میں تبدیلیاں | 13.1 | (1,186,061) | 9,892,926 |
| | | 623,589 | 11,208,442 |

| | غیر آڈٹ شدہ اختتام سہ ماہی | |
|---|---|---|
| | 31 مارچ 2025ء | 31 مارچ 2024ء |
| | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| **13.1 جاری سرمائے میں تبدیلیاں** | | |
| **موجودہ اثاثوں میں اضافہ** | | |
| زیر تجارت اسٹاک | 5,731,470 | (170,142) |
| تجارتی قرضے | (300,008) | (1,165,711) |
| قرضے اور بیعانے | (8,799) | (4,428) |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں | (23,411) | 264,837 |
| دیگر واجبات | 1,636,101 | 1,146,236 |
| | 7,035,353 | 70,792 |
| **موجودہ واجبات میں کمی** | | |
| تجارتی اور دیگر قابلِ ادائیگی رقوم | (8,221,413) | 9,822,134 |
| | (1,186,061) | 9,892,926 |

14 **متعلقہ فریقوں کے لین دین**

کمپنی کے متعلقہ فریقوں میں الٹیمیٹ اور امیڈیٹ پیرنٹس اور اس کے ذیلی، معاونین، اور دیگر کمپنیاں مع نمایاں اثر کے ساتھ مشترکہ مقتدر، ملازمین کے ریٹائرمنٹ فوائد، ڈائریکٹرز اور کلیدی انتظامی افراد شامل ہیں۔ مالی گوشواروں میں کہیں اور ظاہر کیے گئے لین دین کے علاوہ متعلقہ افراد کے ساتھ لین دین درج ذیل ہیں:

| تعلق کی نوعیت | لین دین کی نوعیت | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ سہ ماہی کے اختتام پر 31 مارچ 2025ء | 31 مارچ 2024ء |
|---|---|---|---|---|
| | | | ----------(ہزار روپے) | -------- |
| **معاون** | | | | |
| پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ | پائپ لائن کے چارجز | | **142,421** | 161,674 |
| | دیگر | | **7,387** | 3,441 |
| **عملے کی ریٹائرمنٹ کے فوائد / اشتراک کے فنڈز** | | | | |
| معین فوائد پنشن فنڈز | اشتراک | | **2,987** | 3,326 |
| معین اشتراک پنشن فنڈز | اشتراک | | **40,367** | 37,102 |
| معین فوائد گریچویٹی فنڈز | اشتراک | | **905** | 1,032 |
| پراویڈنٹ فنڈ | اشتراک | | **18,069** | 17,291 |
| **کلیدی انتظامی افراد** | تنخواہیں اور ملازمت کے دیگر قلیل مدتی فوائد | 14.1 | **24,061** | 89,227 |
| | بعد از ریٹائرمنٹ فوائد | | **2,947** | 3,659 |
| | طبی فوائد | | **737** | 881 |
| | ڈائریکٹرز کو قرضے | | **-** | 3,000 |
| **ڈائریکٹرز** | میٹنگز میں شرکت کی فیس | | **3,525** | 1,989 |
| **دیگر** | خریداریاں | | **130,928** | 44,287,999 |
| | سیلز | | **43,206** | 53,945 |
| | تکنیکی خدمات کی عائد کردہ فیس | 14.2 | **-** | 1,385,735 |
| | ٹریڈمارک اور اظہاری لائسنس کی عائد کردہ فیس | | **-** | 167,339 |
| | بینک چارجز | | **73,914** | 58,097 |
| | سیونگ اکاؤنٹس پر سود | | **10,787** | 20,084 |
| | متعلقہ فریقوں سے بازیاب کروائے گئے اخراجات | | **-** | 41,797 |
| | متعلقہ فریقوں پر عائد کردہ دیگر اخراجات | | **-** | 497,248 |
| | عطیات | | **-** | 10,700 |
| | لیگل چارجز | | **1,298** | 315 |
| | کمیشن کی آمدنی-خالص | | **1,696** | - |

14.1 کلیدی انتظامی افراد وہ ہیں جو بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر کمپنی کی منصوبہ بندی، اس کی سرگرمیوں کی رہنمائی اور ان پر کنٹرول کا اختیار اور ذمہ داری کے حامل ہوتے ہیں۔ کمپنی اپنے چیف ایگزیکٹو، کمپنی سیکریٹری، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیف فنانشل آفیسر کو انتظامیہ کے کلیدی اہلکار سمجھتی ہے۔

14.2 کمپنی کی اپنے کاموں میں مشورہ اور مدد تکنیکی خدمات میں شامل ہے۔ ان خدمات کے لیے فیس کا تعین کمپنی اور متعلقہ شیل گروپ کمپنی کے مابین معاہدے کی بنیاد پر ایک متفقہ طریقہ کار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

**15 مالی انتظام خطر، مقاصد اور پالیسیاں**

کمپنی کو اپنی سرگرمیوں کے ساتھ مختلف خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے انتظامِ خطر کی ان تمام معلومات اور انکشافات کا اظہار نہیں کیا گیا ہے جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہوتے ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2024ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔ سال کے اختتام سے اب تک کسی بھی انتظامِ خطر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

**16 اثاثوں اور واجبات کی مناسب مالیت**

اس دوران میں سطح کے مابین کوئی تبادلہ نہیں ہوا تھا۔

**17 آپریٹنگ زمرے**

17.1 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے واحد قابل اطلاع زمرے کی بنیاد پر تیار کیے گئے ہیں۔

17.2 جیسا کہ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے نوٹ 1.2 میں بتایا گیا ہے، کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ کمپنی کی تمام بیرونی صارفین سے ہونے والی فروخت کا تعلق پیٹرولیم مصنوعات، بشمول لبریکنٹ آئلز سے ہے۔

17.3 دورانِ مدت 31 مارچ 2025ء کے اختتام پر پاکستان میں صارفین کو کمپنی کی تمام سیلز 100 فیصد تھی (31 مارچ 2024ء: 100 فیصد)

17.4 31 مارچ 2025ء اور 2024ء تک کمپنی کے تمام نان کرنٹ اثاثے پاکستان میں واقع ہیں۔

17.5 دورانِ مدت 31 مارچ 2025ء کے اختتام پر بیس اہم صارفین کو سیلز تقریباً 17 فیصد تھی (31 مارچ 2024ء: 15 فیصد)۔

**18 عمومی**

18.1 اعداد و شمار کو قریبی ہزار کے ساتھ راؤنڈ آف کیا گیا ہے، جب تک کہ دوسری صورت میں بیان نہ کیا گیا ہو۔

18.2 موازنے کے مقاصد کے لیے اور لین دین کی نوعیت کو ظاہر کرنے کے لیے، متعلقہ اعداد و شمار کو جہاں ضروری سمجھا گیا، دوبارہ ترتیب دیا گیا اور دوبارہ درجہ بند کیا گیا ہے۔ تاہم، رپورٹ کرنے کے لیے کوئی دوبارہ مادی درجہ بندی نہیں کی گئی۔

**19 تاریخ منظوری**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے 29 اپریل 2025ء کو اجرا کی منظوری دی گئی۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **زبیر شیخ** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# سی ڈی سی کے ذریعے ایگزیکٹوز کی جانب سے حصص میں تجارت

31مارچ 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے دوران

| نام | عہدہ | لین دین کی تاریخ | حصص کی تعداد | لین دین کی نوعیت | شرح |
|---|---|---|---|---|---|
| خرم باغ پتی | ایگزیکٹو | 10 جنوری 2025ء | 3000 | خریدے گئے | 201.00 |

# فرہنگ

| | | | |
|---|---|---|---|
| actuarial | حقیقی | leaseholder | اجارہ دار |
| adjustment | ردوبدل | lending | قرض گاری |
| amendment | ترمیم | liabilities | واجبات |
| Amortization | بالاقساط واپسی | liability | واجبہ |
| annual | سالانہ | liquid | سیال |
| application | اطلاق | liquidity | سیالیت |
| assets | اثاثے | long term | طویل مدتی |
| associate | معاون | loss | خسارہ، نقصان |
| average | اوسط | low value | پست قدر |
| benefit | فائدہ | net | خالص |
| borrowing | قرض گیری | payable | قابلِ ادائیگی |
| capital | سرمایہ | principle | بنیادی |
| carrying value | مندرجہ مالیت | profit | منافع |
| cash | رقم | provision | شرائط |
| categorized | درجہ بند | quarter | سہ ماہی |
| claims | دعوے | rate | شرح |
| consolidation | یکجائی | receivable | واجب الادا |
| cost | لاگت | recompense | تلافی |
| deposit | امانت | recovery | بازیابی |
| depreciation | فرسودگی | refundable | قابلِ واپسی |
| discount | چھوٹ، رعایت | measurement | بازپیائش |
| dividend | مقسومہ | revaluation | باز قدرپیمائی |
| equivalent | مساوی | reversal | استرداد |
| estimates | تخمینے | revenues | محاصل |
| exemption | استثنا | right of use | حقِ استعمال |
| financial | مالی | settlement | تصفیہ |
| financing | مالکاری، قرضہ | share | حصص |
| fiscal | مالی | short term | قلیل مدتی |
| impair | مضر | statements | گوشوارے |
| impairment | ضرر، مضرت | subsidiary | ذیلی |
| interest | سود | subsidy | زرِاعانت، رعایت |
| interim | عبوری | valuation | قدرپیمائی، قیمت بندی |
| interpretation | توضیح | value | قدر |
| lease | اجارہ | weighted | بہ وزن |

Wafi Energy Pakistan Limited (formerly Shell Pakistan Limited)
6 Ch. Khaliquzzaman Road, Karachi — 75530
www.wafi-energy.com